Revenue Division
Federal Board of Revenue
Government of Pakistan

# ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کیلئے رہنمائی



تاریخ اشاعت: یکم ستمبر ۲۰۱۵


PRAL
as good as IT gets

# فہرست



| مراحل | پیج نمبر |
|---|---|
| آئرس میں لاگ ان | ۲ |
| ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کی شروعات | ۲ |
| ٹرانزیکشنز درج کرنے کے طریقے | ۳ |
| ڈیٹا کا ڈائیلاگ سے بلا واسطہ اندراج | ۳ |
| ڈیٹا کا ایکسل فائل سے بلواسطہ اپ لوڈ | ٦ |
| ڈیٹا میں تبدیلی | ۹ |
| ڈیٹا کی تصدیق | ۹ |
| ٹیکس کیلکیولیشن | ۱۰ |
| ودھولڈنگ ٹیکس کی ادائیگی | ۱۱ |
| ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کی تکمیل | ۱۲ |
| خالی ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ جمع کروانا | ۱۲ |

# ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کے لیے رہنمائی


| مراحل | طریقہ کار | سکرین کا حوالہ |
|---|---|---|
| آئرس میں لاگ ان | • مندرجہ ذیل لنک پر کلک کریں یا یہ لنک اپنے کمپیوٹر پر انٹرنیٹ براؤزر میں ٹائپ کریں۔ https://iris.fbr.gov.pk/infosys/public/txplogin.xhtml <br>• آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔ <br>• "Registration No" کے فیلڈ میں ودھولڈنگ ایجنٹ (کمپنی یا جماعت اشخاص) اپنا ۷ ھندسوں کا نیشنل ٹیکس نمبر اور ودھولڈنگ ایجنٹ (فرد) اپنا ۱۳ ھندسوں کا قومی شناختی کارڈ نمبر بغیر "-"کے درج کریں۔ <br>• "Password" کے فیلڈ میں اپنا پاس ورڈ چھوٹے بڑے حروف کا خیال رکھتے ہوئے درج کریں۔ <br>• "Login" بٹن پر کلک کریں۔ <br>• رجسٹریشن نمبر یا پاس ورڈ درست نہ ہونے کی صورت میں "Invalid Registration No. or Password" کا پیغام ملے گا۔ |  |
| ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کی شروعات | • لاگ ان ہونے پرآپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔ <br>• ودھولڈنگ ایجنٹ کیلئے ضروری ہے کہ وہ سسٹم میں ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو اس ماہ کی ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ شروع کر لے۔ <br>• اوپر دئیے گئے مینیو سے "Withholding / Advance Tax" پر کلک کریں۔ <br>• پھر "Forms" سے "165 (1) (Statement of withholding taxes filed voluntarily)" پر کلک کریں۔ |  |




- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔
- ”Period“ بٹن پر کلک کریں۔
- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔




- ”Tax Period“ کے فیلڈ میں متعلقہ ٹیکس سال درج کریں اور بٹن پر کلک کریں۔
- سسٹم متعلقہ ٹیکس سال کے پیریڈز کی فہرست ظاہر کرے گا۔
- متعلقہ پیریڈز کے سامنے موجود”Select" لنک پر کلک کریں۔
- ڈائلاگ باکس بند ہو جائے گا اور منتخب شدہ پیریڈ ”Period“ کے فیلڈ میں منتقل ہو جائے گا۔
- "Save" بٹن پر کلک کریں۔
- اسکرین کے اوپر دائیں کونے پر موجود ”x“ بٹن پر کلک کریں۔
- ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ شروع ہو کر ”Draft“ میں منتقل ہو جائیگی۔
- ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ دوبارہ کھولنے کیلئے اسکرین کے بائیں پینل میں ”Draft“ پر کلک کریں۔
- پھر”Withholding / Advance Tax“ پر کلک کریں۔
- پھر اسکرین کے درمیانی پینل میں ”165(1) (Statement of withholding taxes filed voluntarily)“ پر کلک کریں۔ یہ فیلڈ ہائی لائٹ ہوجائیگی اور ”Edit“ بٹن آن ہوجائیگا۔
- "Edit" بٹن پر کلک کریں۔




## ٹرانزیکشنز درج کرنے کے طریقے


- ودھولڈنگ ایجنٹ کیلئے لازمی ہے کہ کسی ٹیکس دہندہ کو رقم کی ادائیگی سے پہلے سسٹم میں متعلقہ ٹرانزیکشن درج کر کے اس پر


ٹیکس کٹوتی کی رقم کیلکیولیٹ کر لے۔ تا ہم تنخواہ پر ٹیکس کٹوتی کی رقم ودھولڈنگ ایجنٹ خود کیلکیولیٹ کرے گا۔


- متعلقہ ٹرانزیکشنز درج کرنے کیلئے مندرجہ ذیل طریقے ہیں:
  - ڈیٹا کا ڈائلاگ سے بلا واسطہ اندراج؛
  - ڈیٹا کا ایکسل فائل سے بلواسطہ اپ لوڈ؛
  - ڈیٹا کا EDI سے بلواسطہ ٹرانسمشن؛

**ڈیٹا کا ڈائیلاگ سے بلا واسطہ اندراج**

- "Data" ٹیب پر کلک کریں۔
- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔
- اسکرین کی بائیں طرف متعلقہ سیکشن منتخب کریں۔
- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔
- یہاں منتخب کردہ سیکشن کے مطابق ٹرانزیکشنز ظاہر ہونگی۔
- متعلقہ ٹرانزیکشن کے دائیں طرف موجود + کے نشان پر کلک کریں۔
- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔
- "Registration No." کے فیلڈ میں ٹیکس دہندہ (کمپنی یا جماعت اشخاص) کا ۷ ہندسوں کا نیشنل ٹیکس نمبر یا ٹیکس دہندہ (فرد) کا ۱۳ ہندسوں کا قومی شناختی کارڈ نمبر بغیر "-" کے درج کریں۔ اور اور سامنے موجود 🔎 بٹن پر کلک کریں۔ اگر ٹیکس دہندہ ایف بی آر کے ساتھ رجسٹرڈ ہے تو اسکا نام "Name" کے فیلڈ میں ظاہر ہو جائے گا۔
- اگر ٹیکس دہندہ ایف بی آر کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہے تو اسکا نام "Name" کے فیلڈ میں ظاہر نہیں ہوگا۔ اس صورت میں"Name" کے فیلڈ میں ٹیکس دہندہ کا مکمل نام بغیر پریفکس (مسٹر،مسز، ڈاکٹر،انجینئر، کرنل،وغیرہ) درج کریں۔







- یاد رہے کہ یکم جولائی ۲۰۱۵ سے فرد کا ۱۳ ہندسوں کا قومی شناختی کارڈ نمبر ہی اسکا نیشنل ٹیکس نمبر ہے۔ اس لئیے ۷ ہندسوں کا نیشنل ٹیکس نمبر قابلِ قبول نہیں۔
- اگر ٹیکس دہندہ کسی اور ملک کا شہری ہے تو "Identification No." کے فیلڈ میں ٹیکس دہندہ (فرد) کا پاسپورٹ نمبراور (کمپنی یا جماعت اشخاص) کا کوئی شناخت نمبردرج کریں ۔
- "Registration No." یا "Identification No." کے فیلڈز میں سے کسی ایک میں اندراج ضروری ہے۔
- "Reference No." کے فیلڈ میں متعلقہ ریفرنس نمبر (جس پر ٹیکس کاٹا جا رہا ہے) درج کریں۔ مثلا بینک اکاؤنٹ نمبر،موٹر وہیکل نمبر، موبائل فون نمبر،الیکٹریسٹی کنزیومر نمبر، وغیرہ
- “Transaction Date” (ٹیکس دہندہ کو رقم ادا کرنے کی تاریخ) منتخب کرنے کیلئیے پر کلک کریں اور متعلقہ تاریخ، مہینہ، سال منتخب کریں۔
- “Amount” کے فیلڈ میں متعلقہ رقم درج کریں۔
- “Exemption Code” کے فیلڈ میں (ٹیکس دہندہ کے ٹیکس سے مستثنٰی ہونے کی صورت میں) متعلقہ ایگزیمپشن کوڈ درج کرنے کیلئیے بٹن پر کلک کریں۔“Search” ڈائیلاگ باکس کھل جائے گا۔ فیلڈ میں متعلقہ ایگزیمپشن کا کوڈ یا متعلقہ ایگزیمپشن کی تفصیل درج کریں اور سامنے موجود بٹن پر کلک کریں۔ اگر متعلقہ ایگزیمپشن کا کوڈ یا متعلقہ ایگزیمپشن کی تفصیل معلوم نہ ہو تو فیلڈ میں بغیر کچھ لکھے سامنے موجود بٹن پر کلک کریں۔ نیچے ٹیبل میں ایک یا زیادہ ایگزیمپشنز کی فہرست ظاہر ہوجائے گی۔ متعلقہ ایگزیمپشن منتخب کرنے کیلئیے سامنے موجود "Select" لنک پر کلک کریں. ڈائیلاگ باکس بند ہو جائے گا اور منتخب شدہ تفصیلات

"Exemption Code" اور "Description" کے فیلڈ میں منتقل ہو جائیں گی۔

- "Tax Collectible / Deductible" کے فیلڈ میں مندرجہ ذیل ٹرانزیکشنز پر ٹیکس خود کیلکیولیٹ کر کے درج کریں۔
    - تنخواہ
    - پنشن فنڈ سے کی گئی ادائیگی
    - نان ریزیڈ نٹس کے ساتھADTT کے مطابق کی گئی ٹرانزیکشنز
    - کرایہ
- باقی تمام ٹرانزیکشنز کی صورت میں یہ فیلڈ خالی رہنے دیں۔
- سال کے آخری مہینے میں پورے سال کی تنخواہ کی تفصیل ایک علیحدہ ٹیب (جو اس وقت مہیا کی جائیگی) پر درج کرنا ہو گی۔
- ڈیٹا فراہم کرنے کے بعد "OK" بٹن پر کلک کریں۔
- اسی قسم کی مزید ٹرانزیکشنز درج کرنے کیلئے پہلی ٹرانزیکشن درج کرنے کے عمل کو دہرائیں۔
- نئی قسم کی ٹرانزیکشن درج کرنے کیلئےڈائیلاگ کو بند کرنے کیلئے اوپر دائیں کونے پر موجود "x" بٹن پر کلک کریں۔ مین سکرین پر متعلقہ ٹرانزیکشن کے دائیں طرف موجود + کے نشان پر کلک کریں اور پیچھے دیئے گئے سارے عمل کو دہرائیں۔

**ڈیٹا کا ایکسل فائل سے بلواسطہ اپ لوڈ**

- آپ کے کمپیوٹر پر ایکسل ۲۰۱۰ یا اس کی بعد کا ورژن ہونا ضروری ہے۔
- Iris لاگ ان ڈائیلاگ کے نیچے دیئے گئے *Help* لنک پر کلک کریں۔ یا یہ لنک اپنے کمپیوٹر پر انٹرنیٹ براوزر میں ٹائپ کریں۔ https://e.fbr.gov.pk/SOP/IRIS/help/index.html
- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔




| Help | Urdu | Audio Video | English |
|---|---|---|---|
| FAQs | | | |
| Registration | | | |
| Withholding Tax | | | |
| Wealth Statement | | | |
| Income Tax Return | | | |
| Withholding Tax Statement Template | | | |

- ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ ایکسل فائل ٹیمپلیٹ ڈاؤن لوڈ کریں۔ ہر ماہ یہ فائل دوبارہ ڈاؤن لوڈ کریں۔ کیونکہ اس میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔
- ایکسل فائل میں تمام مطلوبہ ڈیٹا درج کریں۔
- "Withholding Agent's Registration No." میں ودھولڈنگ ایجنٹ (کمپنی یا جماعت اشخاص) کا ۷ ہندسوں کا نیشنل ٹیکس نمبر یا (فرد) کا ۱۳ ہندسوں کا قومی شناختی کارڈ نمبر بغیر"-" کے درج کریں۔
- "Office Reference" میں ایک سے زیادہ ایکسل فائلز اپ لوڈ کرنے کیلئےمختلف نمبر دیں۔
- "Registration No." کے فیلڈ میں ٹیکس دہندہ (کمپنی یا جماعت اشخاص) کا ۷ ہندسوں کا نیشنل ٹیکس نمبر یا ٹیکس دہندہ (فرد) کا ۱۳ ہندسوں کا قومی شناختی کارڈ نمبر بغیر"-" کے درج کریں۔
- اگر ٹیکس دہندہ کسی اور ملک کا شہری ہے تو "Identification No." کے فیلڈ میں ٹیکس دہندہ (فرد) کا پاسپورٹ نمبراور (کمپنی یا جماعت اشخاص) کا کوئی شناخت نمبردرج کریں ۔
- "Registration No." یا "Identification No." کے فیلڈز میں سے کسی ایک میں اندراج ضروری ہے۔
- "Name" کے فیلڈ میں ٹیکس دہندہ کا مکمل نام بغیر پریفکس (مسٹر،مسز، ڈاکٹر،انجینئر، کرنل،وغیرہ) درج کریں۔
- "Transaction Date" کے فیلڈ میں ٹیکس دہندہ کو رقم ادا کرنے کی تاریخ (dd-mmm-yy) درج کریں۔
- "Code" کے فیلڈ میں متعلقہ ٹرانزیکشن کوڈ درج کریں۔ ٹرانزیکشن کوڈز اور انکی تفصیل ایکسل فائل میں موجود ہے۔ ٹیکس دہندہ کے فائلر یا نان فائلر ہونے کا فیصلہ آ ئرس میں ڈیٹا امپورٹ ہونے کے

بعد ہو گا۔ اسلئے فائلر یا نان فائلر کیلئےعلیحدہ کوڈز فراہم نہیں کئے گئے۔

- ”Amount“ کے فیلڈ میں متعلقہ رقم درج کریں۔
- ”Exemption Code“ کے فیلڈ میں (ٹیکس دہندہ کے ٹیکس سے مستثنٰی ہونے کی صورت میں) متعلقہ ایگزیمپشن کوڈ درج کریں۔ ایگزیمپشن کوڈز اور انکی تفصیل ایکسل فائل میں موجود ہے۔
- ”Tax Collectible / Deductible“ کے فیلڈ میں مندرجہ ذیل ٹرانزیکشنز پر ٹیکس خود کیلکیولیٹ کر کے درج کریں۔
- تنخواہ
- پنشن فنڈ سے کی گئی ادائیگی
- نان ریزیڈنٹس کے ساتھADTT کے مطابق کی گئی ٹرانزیکشنز
- کرایہ
- باقی تمام ٹرانزیکشنز کی صورت میں یہ فیلڈ خالی رہنے دیں۔
- ”Validate“ بٹن پر کلک کریں۔
- ڈیٹا درست ہونے کی صورت میں متعلقہ ریکارڈ کے سامنے”Validation Status“ کے کالم میں ”Valid“ کا پیغام ظاہر ہو گا۔
- ڈیٹا درست نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ ریکارڈ کے سامنے ”Validation Status“ کے کالم میں ”.Invalid Registration No“ یا”Invalid Name“ یا”Invalid Code“ کا پیغام ظاہر ہو گا۔
- تمام غلطیوں کو درست کرنے کے بعد ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ ایکسل فائل ٓئرس میں اپ لوڈ کرنے کیلئے لاگ ان ہوں۔ ڈرافٹ فولڈر سے ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کھولیں۔
- ”Withholding Tax" ٹیب پر کلک کریں۔
- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔




| | | |
|---|---|---|
| | • ‏"Choose File" بٹن پر کلک کریں۔<br>• فائل منتخب کرنے کیلئے ڈائیلاگ باکس ظاہر ہو گا۔<br>• ایکسل فائل کو منتخب کریں۔<br>• ‏"Import" بٹن پر کلک کریں۔<br>• ایکسل فائل میں درج ڈیٹا ڈیٹا بیٹ پر منتقل ہو جائیگا۔ | |
| ڈیٹا میں تبدیلی | • کسی بھی وقت درج شدہ ڈیٹا دیکھنے یا اس میں کسی تبدیلی کیلئے "Withholding Tax" ٹیب پر کلک کریں۔<br>• آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔<br>• متعلقہ ریکارڈ تلاش کرنے کیلئےسرچ فیلڈ میں ٹیکس دہندہ کا رجسٹریشن نمبر، آئڈ نٹیفکیشن نمبر، ریفرنس نمبر، اماؤنٹ کوڈ، ڈسکرپشن، رقم یا ریمارکس درج کریں اور بٹن پر کلک کریں۔<br>• سسٹم آپ کو متعلقہ ریکارڈزکی فہرست دکھائےگا۔<br>• تبدیلی کیلئے متعلقہ ریکارڈ کے سامنے موجود بٹن پر کلک کریں اور "ڈیٹا کا ڈائیلاگ سے بلا واسطہ اندراج" کے مرحلے میں بتایا گیا طریقہ اپنائیے۔<br>• کسی ریکارڈ کو ختم کرنے کیلئے متعلقہ ریکارڈ کے سامنے موجود بٹن پر کلک کریں۔ |  |
| ڈیٹا کی تصدیق | • ‏"Withholding Tax" ٹیب پر کلک کریں۔<br>• ‏"Validate" بٹن پر کلک کریں۔<br>• ڈیٹا درست ہونے کی صورت میں متعلقہ ریکارڈ کے سامنے"Remarks" کے کالم میں "Valid" کا پیغام ظاہر ہو گا۔<br>• ڈیٹا درست نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ ریکارڈ کے سامنے "Remarks" کے کالم میں "Invalid Registration No." یا |  |


| | | |
|---|---|---|
| | "Invalid Code" یا "Invalid Transaction Date" یا "Validation Pending" کا پیغام ظاہر ہو گا۔<br>• "Invalid Registration No"کا مطلب ہے کہ اس ٹیکس گزارکا درج شدہ نیشنل ٹیکس نمبر یا قومی شناختی کارڈ نمبرغلط ہے۔<br>• "Invalid Code"کا مطلب ہے کہ درج شدہ کوڈ اس ٹیکس گزارسے متعلق نہیں ہو سکتا۔<br>• "Invalid Transaction Date" کا مطلب ہے کہ درج شدہ تاریخ ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کے ٹائم پیریڈ سے باہر ہے۔<br>• "Validation Pending" کا مطلب ہے کہ درج شدہ قومی شناختی کارڈ نمبرکی نادرا سے تصدیق باقی ہے۔ | |
| ٹیکس کیلکیولیشن | • تمام غلطیوں کو درست کرنے کے بعد ٹیکس کیلکیولیشن کیلئیے "Withholding Tax" ٹیب پر کلک کریں۔<br>• "Calculate" بٹن پر کلک کریں۔<br>• "Tax Collectible / Deductible" کے کالم میں تمام ٹرانزیکشنز پر ٹیکس کیلکیولیٹ ہو جا ئیگا۔ ما سوائے مندرجہ ذیل ٹرانزیکشنز کے جن پر ٹیکس ودھولڈنگ ایجنٹ نےخود کیلکیولیٹ کر کے "Tax Collectible / Deductible" کے کالم میں درج کیا ہوگا۔<br>  • تنخواہ<br>  • پنشن فنڈ سے کی گئی ادائیگی<br>  • نان ریزیڈ نٹس کے ساتھADTT کے مطابق کی گئی ٹرانزیکشنز<br>  • کرایہ<br>• ٹیکس کیلکیولیٹ کرتے ہوئے سسٹم مندرجہ ذیل کو دھیان میں رکھے گا:<br>  • کمشنرز ان لینڈ ریوینیو کی طرف سے جاری کئیے گئیے ٹیکس کٹوتی سےاستشنأ کے احکامات؛ | |


- انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ میں دیئے گیٔے ٹیکس کٹوتی سے استثنأ کے قوانین؛
- ودھولڈنگ ایجنٹ کی طرف سے منتخب کیٔے گیٔے ٹیکس کٹوتی سے استثنأ کے قوانین؛
- ٹیکس دہندہ کا فائلر یا نان فائلر ہونا۔


**ودھولڈنگ ٹیکس کی ادائیگی**

- "Data" ٹیب پر کلک کریں۔
- آپ کو یہ اسکرین نظر آئے گی۔
- "Generate Bill" بٹن پر کلک کریں، واجب الادا ٹیکس کا بل تیار ہوجائیگا۔
- بل کی تفصیلات دیکھنے کیلئِے "Bill" ٹیب پر کلک کریں۔
- بل اسوقت تک تبدیل ہو سکتا ہے جب تک اسے کنفرم نہ کر دیا جاۓ۔
- بل کنفرم کرنے کیلئِے سامنے موجود "Review" لنک پر کلک کریں.
- "Bill" ڈائیلاگ باکس کھل جائے گا۔
- بل کے درست اور مکمل ہونے کا اطمینان کریں اور "Confirm" بٹن پر کلک کریں۔ یاد رہے کہ اِس کے بعد بل میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔
- بل کا پرنٹ لینے کیلئِے بل کے سامنے دیئے گیٔے "Print" لنک پر کلک کریں۔
- بل کا پرنٹ اور واجب الادا ٹیکس کی رقم "National Bank of Pakistan" یا "State Bank of Pakistan" کی مجاز برانچ میں جمع کرائیں۔ بینک آپ کو "Computerized Payment Receipt (CPR)" جاری کریگا۔
- جمع شدہ ٹیکس کی رقم خود بخود "Data" کی ٹیب میں "Tax Collected / Deducted / Paid" کالم میں منتقل ہو جائیگا۔



| | | |
|---|---|---|
| | • واجب الادا ٹیکس کی رقم کی مکمل ادائیگی کے بغیر ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ جمع نہیں ہو سکتی۔ ایسا کرنے کی صورت میں یہ پیغام ظاہر ہو گا۔ Withheld Income Tax against Code 9201 must be paid before submission. | |
| ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کی تکمیل | • ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ سے متعلِق تمام ڈیٹا درج کرنے کے بعد ان کے درست اور مکمل ہونے کا اطمینان کریں اور "Submit" بٹن پر کلک کریں۔ یاد رہے کہ اِس کے بعد ڈیٹا میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔<br>• کسی بھی وقت فراہم کردہ ڈیٹا کو عارضی طور پر محفوظ کرنے کیلئے "Save" بٹن پر کلک کریں۔<br>• کسی بھی وقت ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ کا پرنٹ لینے کیلئے "Print" بٹن پر کلک کریں۔ |  |
| خالی ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ جمع کروانا | • اوپر دیئے گئے طریقے سے ودھولڈنگ ٹیکس اسٹیٹمنٹ شروع کریں۔ بغیر کچھ درج کئیے "Calculate" بٹن پر کلک کریں اور "Submit" بٹن پر کلک کریں۔ | |